SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
March 17, 2020

ایس ای سی پی نے انشورنس سیکٹر کے لئے سائبر سکیورٹی فریم ورک متعارف کروادیا

اسلام آباد (مارچ 17) سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس سیکٹر کے لئے سائبر سکیورٹی فریم ورک کی گائیڈلائنز جاری کردی ہیں جن کا مقصد انشورنس کمپنیاں اوران سے منسلک اداروں کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سسٹم کو محفوظ اور مستحکم بنانے کے لئے بنیادی اصول وضع کرنا ہے ۔

واضح رہے کہ انشورنس کمپنیوں کے پاس بڑی تعداد میں موجود صارفین سے متعلق ذاتی وکاروباری معلومات موجود ہوتی ہے جنہیں محفوظ اور صیغہ راز میں رکھنا ضروری ہے۔ معلومات کے اس ذخیرہ کی وجہ سے بیمہ کمپنیاں سائبر جرائم میں ملوث پیشہ ور افراد کا ممکنہ ہدف بن سکتی ہیں۔اس حوالے سے انشورنس کمپنیوں کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سسٹم اور ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے لئے اور منسلک خطرے کو کم کرنے کے لئے مناسب میکنزم اپنائیں۔

ایس ای سی پی کی یہ گائیڈلائنز ممکنہ سائبر حملوں کی روک تھام کے لئے سکیورٹی فریم ورک کی تشکیل کے لئے بنیادی اصول فراہم کرتی ہیں جیسے کہ کمپنی میں چیف انفارمیشن سیکیورٹی آفیسر کی تعیناتی اور سائبر رسک انشورنس کا حصول اور سائبر سیکیورٹی سے متعلق دیگر انتظامات کا نفاذ شامل ہے۔

انشورنس سیکٹر کی سائبر سیکیوریٹی فریم ورک گائیڈلائنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں -